© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۳۶)

☆ صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف 'غیر اسلامی ریاست اور مسلمان' وقت کے ایک اہم موضوع سے بحث کرتی ہے۔ اس میں انھوں نے قرآن وسنت کے محکم دلائل سے واضح کیا ہے کہ غیر مسلم ممالک میں مسلمانوں سے کون سا کردار مطلوب ہے؟ مختصر عرصہ میں اس کے دو ایڈیشن ختم ہو گئے تھے۔ اب مؤلف کی نظر ثانی اور کچھ اضافوں کے ساتھ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے اس کا تیسرا ایڈیشن منظر عام پر آ گیا ہے۔ صفحات: ۶۴، قیمت -/۲۵ روپے

☆ مولانا عمری کی ایک نئی کتاب Muslim Women and Economic Enterprises کے نام سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوئی ہے۔ یہ دو مضامین پر مشتمل ہے۔ ایک کا موضوع ہے 'عورت کا معاشی مسئلہ اور اسلام'۔ اسے انھوں نے پاکستان کے مشہور ادارے انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز کی دعوت پر پیش کیا تھا، جو بعد میں اس کے جرنل Policy Perspectives میں شائع ہوا۔ دوسرا مضمون اسلامک فقہ اکیڈمی (انڈیا) کے ایک سوال نامہ بہ عنوان 'خواتین کی ملازمت' کے جواب میں لکھا گیا تھا، جسے اکیڈمی کے سمینار مدورائی میں پیش کیا تھا۔ اس کا ترجمہ جناب عثمان محمد اقبال نے کیا ہے۔ صفحات: ۵۴، قیمت -/۳۰ روپے۔

☆ ۱۹ر مئی ۲۰۱۰ء کو فتح استنبول کی ۵۵۷ ویں سال گرہ کی تقریب کی مناسبت سے ترکی کی سعادت پارٹی کے ذیلی ادارے ای ایس اے ایم (مرکز تحقیق برائے معیشت و معاشرت) کی دعوت پر 'نیا نظامِ عالم- کیوں اور کس طرح؟' کے عنوان سے استنبول میں ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس میں دنیا کے پچاس ممالک سے ۱۸۵ر نمائندے شریک ہوئے۔ ہندوستان سے صدر ادارہ و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا عمری نے جناب اعجاز احمد اسلم سکریٹری جماعت کے ساتھ اس میں شرکت کی۔ اس موقع پر انھوں نے دنیا بھر کی مسلم پارٹیوں اور تنظیموں کے ذمہ داروں سے خصوصی ملاقاتیں کیں۔ کانفرنس کے ایک اجلاس میں خطاب بھی کیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ کارکنانِ ادارہ کو تحقیق وتصنیف کے لیے جو موضوعات دیے گئے تھے، الحمدللہ ان پر کام مکمل ہوگیا ہے۔ وہ موضوعات یہ ہیں: اہلِ مذاہب کو قرآن کی دعوت (ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی)، خصائص اسلام (مولانا محمد جرجیس کریمی)، سیرت نبوی پر اعتراضات کا جائزہ (ڈاکٹر محمد شمیم اختر قاسمی)۔ ان شاء اللہ ان مسودات کو جلد از جلد کتابی صورت میں منظر عام پر لانے کی کوشش کی جائے گی۔

☆ رکنِ ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی ایک نئی کتاب 'برصغیر میں مطالعۂ قرآن' اسلامک بک فاؤنڈیشن نئی دہلی سے شائع ہوئی ہے۔ یہ قرآنیات پر ملک و بیرون ملک کے علمی و تحقیقی مجلّات میں موصوف کے شائع ہونے والے چند مقالات کا مجموعہ ہے، جن میں برصغیر میں علوم قرآن کے ارتقاء اور بیسویں صدی کی چند اہم شخصیات کی قرآنی خدمات پر روشنی ڈالی گئی ہے اور قرآنیات میں حالیہ دنوں میں منظر عام پر آنے والی چند جدید مطبوعات کا تعارف کرایا گیا ہے۔ صفحات: ۲۶۴، قیمت: ۱۶۰/روپے

☆ ڈاکٹر ندوی نے ادارۂ علوم القرآن علی گڑھ کے سمینار ۲۰۰۸ء بہ عنوان 'عصر حاضر کے مسائل اور قرآنی تعلیمات' میں 'موجودہ دور میں رجوع الی القرآن کی دعوت- انحرافات اور ان کا تدارک' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا تھا۔ اس مقالہ کو اسلامک بک فاؤنڈیشن نئی دہلی نے کتابی صورت میں شائع کردیا ہے۔ صفحات: ۳۲، قیمت -/۲۰/روپے

☆ رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی نے ۱۰-۱۱/اپریل ۲۰۱۰ء کو نئی دہلی میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی جانب سے منعقد کردہ کانفرنس بہ عنوان 'عظمت صحابہ' کے موقع پر سمینار میں شرکت کی اور 'منہاج السنۃ النبویۃ لابن تیمیۃ- ایک جائزہ' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔

☆ ادارہ کے سلسلۂ توسیعی خطبات کے تحت ۱۸/اپریل ۲۰۱۰ء کو پروفیسر مسعود احمد، شعبۂ بایوکیمسٹری، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے 'قرآن فہمی: اصول وشرائط' کے موضوع پر خطبہ پیش کیا۔ پروگرام کی صدارت پروفیسر احتشام احمد ندوی نے فرمائی۔ مسلم یونی ورسٹی کے مختلف شعبوں کے اساتذہ اور دیگر شائقین علم نے شرکت کی۔ اس موضوع پر موصوف کی ایک کتاب بھی 'ہم قرآن کریم سے کیسے استفادہ کریں؟' کے عنوان سے شائع ہوچکی ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ ادارہ کی علمی سرگرمیوں سے دل چسپی رکھنے والے بعض اساتذۂ مسلم یونی ورسٹی اور دیگر اصحابِ علم کی ایک نشست ۳۰؍مئی ۲۰۱۰ء کو منعقد ہوئی۔ اس میں کارکنان ادارہ کے علمی منصوبوں کے لیے مناسب موضوعات کی نشان دہی، توسیعی خطبات کے لیے عناوین اور افراد کی تعیین اور یونی ورسٹی کے اساتذہ وطلبہ سے کارکنان ادارہ کے ارتباط کی شکلوں پر غور وخوض کیا گیا۔

☆ ادارہ کے زیر تربیت اسکالرس کی تحریری وتصنیفی مشق کے لیے 'رائٹرس فورم' کے نام سے ایک مجلس مذاکرہ قائم ہے، جس کے وقتاً فوقتاً پروگرام ہوتے رہتے ہیں۔ اس کے تحت ۳۱؍مارچ ۲۰۱۰ء کو جناب شیخ شوکت عبدالقادر ندوی نے 'اسلام اور رواداری' کے عنوان سے، ۲۸؍اپریل کو جناب انیس الرحمٰن اعظمی ندوی نے 'قصۂ داؤد علیہ السلام اور اسرائیلی روایات' کے عنوان سے اور ۲۵؍مئی کو جناب مزمل کریم فلاحی قاسمی نے 'پردہ کی حقیقت' کے عنوان سے مقالات پیش کیے۔

☆ تحقیقاتِ اسلامی کی ویب سائٹ سروس فراہم کرنے والی کمپنی کی بدمعاملگی کی وجہ سے ایک بار پھر بند ہوگئی تھی۔ اب ایک دوسری کمپنی سے معاملہ طے ہوگیا ہے اور www.tahqeeqat.net کے نام سے سائٹ شروع ہوگئی ہے، جس پر مجلّہ کے تمام قدیم شمارے اَپ لوڈ کردیے گئے ہیں۔ یہ سائٹ ادارہ کے ایک کرم فرما جناب نیاز احمد شریف (بنگلور) نے تیار کی ہے۔ سائٹ کے سلسلہ میں مفید مشوروں یا دیگر امور کے لیے موصوف سے ان کے ای میل nayazasherif f@gmail.com یا موبائل نمبر 09902626862 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

☆ دینی مدارس، علمی اداروں اور پرائیوٹ لائبریریوں کی جانب سے مجلّہ تحقیقات اسلامی کے اعزازی اجراء کی درخواست پر مشتمل خطوط آتے رہتے ہیں، جن کی تعمیل ادارہ کے محدود وسائل کی بنا پر ممکن نہیں ہوتی۔ حیدرآباد کے ایک صاحب خیر نے ایسی چند درخواستوں کی تعمیل کے لیے مالی تعاون پیش کیا ہے۔ دیگر علم دوست اصحاب خیر سے بھی اس جانب توجہ کی درخواست ہے۔



© rasailojaraid.com